Roll No.

Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________

Sig. of Invigilator: ____________

اُردو سلیس ایچ ایس ایس سی-I

وقت: 25منٹ

حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) میر معصوم شاہ کا تخلص کیا تھا؟

الف۔ گرامی ب۔ نامی

ج۔ بکھری د۔ میر

(ii) 'اُردو کی آخری کتاب' کس کا مضمون ہے؟

الف۔ پطرس بخاری ب۔ عبدالحق

ج۔ محمد علی جوہر د۔ مرزا فرحت اللہ

(iii) سیّد احمد شہیدؒ کس شہر کے رہنے والے تھے؟

الف۔ دہلی ب۔ بجنور

ج۔ بالاکوٹ د۔ بریلی

(iv) 'حج اکبر' صنفِ نثر کے اعتبار سے کیا ہے؟

الف۔ ناول ب۔ انشائیہ

ج۔ افسانہ د۔ ڈراما

(v) مضمون 'ایران کا جاڑا' کس کتاب سے لیا گیا ہے؟

الف۔ ایران کے موسم ب۔ سخندانِ فارس

ج۔ سخندانِ پارس د۔ ایرانی سخندان

(vi) 'آگ بگولہ ہونا' کا کیا مطلب ہے؟

الف۔ گھر جلنا ب۔ آگ لگانا

ج۔ غصہ آنا د۔ رونا

(vii) نصاب میں شامل مرزا غالبؔ کا خط کس کے نام ہے؟

الف۔ نذیر احمد ب۔ مولانا حالیؔ

ج۔ بیٹے کے نام د۔ میر مہدی

(viii) حضور ﷺ اور حضرت ابو بکرؓ کتنے دن غار ثور میں رہے؟

الف۔ تین ب۔ دو

ج۔ چار د۔ ایک

(ix) علامہ اقبالؒ اعلیٰ تعلیم حاصل کر کے کس سال وطن لوٹے؟

الف۔ 1905ء ب۔ 1877ء

ج۔ 1908ء د۔ 1899ء

(x) مولوی وحید الدین سلیم کو کیا کھانے کا شوق تھا؟

الف۔ پھل ب۔ مٹھائی

ج۔ گوشت د۔ اچار

(xi) نظم 'آدمی نامہ' کس نے لکھی ہے؟

الف۔ مولانا حالیؔ ب۔ حفیظؔ جالندھری

ج۔ نظیرؔ اکبر آبادی د۔ احمد شوق قدوائی

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

(xii) حالؔی کے خیال میں شہر کس سے آباد ہیں؟

الف۔ آرزو　　ب۔ دولت

ج۔ علم　　د۔ اتفاق

(xiii) رباعی کے کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

الف۔ پانچ　　ب۔ چار

ج۔ تین　　د۔ آٹھ

(xiv) 'نظر میں جو اتنے سے آتے ہیں یہ / بہت دُور چکر لگاتے ہیں یہ'

درج بالا شعر کس کا ہے؟

الف۔ اسماعیل میرٹھی　　ب۔ مولانا حالؔی

ج۔ مرزا غالبؔ　　د۔ اکبر الہ آبادی

(xv) ثمر کے کیا معنی ہیں؟

الف۔ پھول　　ب۔ پھل

ج۔ ستارے　　د۔ گرمی

(xvi) 'وہ آیا تو میں جاؤں گا' میں حرفِ جزا کیا ہے؟

الف۔ آیا　　ب۔ گا

ج۔ وہ　　د۔ تو

(xvii) 'یہ اسلم کی بلی ہے' میں مضاف کیا ہے؟

الف۔ اسلم　　ب۔ بلی

ج۔ کی　　د۔ ہے

(xviii) '' کیا وہ آیا تھا؟'' یہ کیسا جملہ ہے؟

الف۔ استفہامیہ　　ب۔ سادہ

ج۔ منفی　　د۔ موصولہ

(xix) ''سبز باغ دکھانا'' سے کیا مراد ہے؟

الف۔ گھاس دکھانا　　ب۔ سیر کروانا

ج۔ دھوکا دینا　　د۔ فارغ کرنا

(xx) مندرجہ ذیل میں سے حرفِ اضافت کون سا ہے؟

الف۔ کون　　ب۔ جانا

ج۔ اور　　د۔ کا

برائے ممتحن :　　کُل نمبر: 20　　حاصل کردہ نمبر:

اُردو سلیس ایچ ایس سی-I

وقت: 2:35 گھنٹے | کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

حصہ دوم (کُل نمبر 20)

سوال نمبر۲: درج ذیل اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (5x4=20)

(i) بدّو امیر المومنینؓ کا لفظ سن کر کیوں گھبرایا؟

(ii) عباسی نے حج کا سفر کیوں چھوڑ دیا؟

(یا)

''گرگ آشتی'' سے کیا مراد ہے؟

(iii) ''دنیا کو ہمیشہ نقشِ فانی سمجھو'' اس مصرعے کی وضاحت کریں۔

(iv) مندرجہ ذیل کے واحد/جمع لکھیے:

ضابطہ ، قواعد ، عقائد ، تعلق

(v) درج ذیل میں سے کوئی سے چار الفاظ/محاورات کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجیے کہ مطلب واضح ہو جائے:

انبار ، شکم سیر ہونا ، ٹوٹ پڑنا ، ترکش ، اطمینان

حصہ سوم (کُل نمبر 60)

سوال نمبر۳: سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے: (1+1+6=8)

الف۔ پہاڑوں پر برف کے پہاڑ چڑھ گئے۔ جنگلوں میں برف سے رستے رُک گئے۔ سوداگر جہاں کے تہاں بیٹھ رہے، میدان کھیت، گلی کوچے گھر گھر میں قد آدم برفیں چڑھ گئیں۔ بازاروں میں سناٹا، کارخانے بند، غریب کاریگروں کے کاروبار اُن کے ہاتھوں سے بھی سوا ٹھنڈے۔ کوٹھوں پر برف کے انبار ہیں۔ جلدی گراؤ نہیں تو گھر بیٹھا۔ امراء کے غلام، نوکر، مزدور لکڑی کے پیچ شاخے اور پھاوڑیاں لیے ہوئے ہیں اور برف گرا رہے ہیں۔

ب۔ اوّل تو دو شخص کراماً کاتبین اس بلا کے ہیں کہ میرا کوئی فعل اُن سے مخفی نہیں۔ جتنی باتیں کہتے ہیں پتے کی اور کہتے کیا ہیں میرا روز نامچہ عمری لکھتے گئے ہیں۔ اب جو میں اس کو دیکھتا ہوں تو حرف بحرف صحیح اور درست پاتا ہوں۔ دوسرے یہی اعضاء ہاتھ، پاؤں، آنکھ، کان کوئی میرے کہنے کا نہیں۔ سب کے سب مجھ سے منحرف ہیں۔ سب کے سب مجھ سے برگشتہ، میری مخالفت پر آمادہ، میری تذلیل پر کمر بستہ ہو رہے ہیں۔

سوال نمبر۴: کسی ایک جز کی تشریح کیجیے: (8)

الف۔
انقلابِ جہاں کو دیکھ لیا
حُبِّ دنیا سے قلب پاک ہوا
کل کلی کھل کے ہو گئی تھی پھول
پھول کُملا کے آج خاک ہوا

ب۔
یاں آدمی پہ جان کو وارے ہے آدمی
اور آدمی ہی تیغ سے مارے ہے آدمی
پگڑی بھی آدمی کی اُتارے ہے آدمی
چلّا کے آدمی کو پکارے ہے آدمی

سوال نمبر۵: اپنے چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیے جس میں اُسے تعلیم کی اہمیت سے آگاہ کیجیے۔ (9)

(یا)

بیرونِ ملک مقیم اپنے چچا کے نام خط لکھیے اور انہیں اپنے ملک کے موسمی حالات سے آگاہ کیجیے۔

سوال نمبر۶: اپنی کتاب سے زبانی یاد پانچ اشعار لکھیے۔ اس پرچے میں دیے ہوئے اشعار نہ ہوں۔ (5)

سوال نمبر۷: دو طلبہ کے مابین اچھے اخلاق کے موضوع پر مکالمہ لکھیے۔ (5)

سوال نمبر۸: درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (5)

(i) جیسی کرنی ویسی بھرنی (ii) مولانا محمد علی جوہر

سوال نمبر۹: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیں جو 250 الفاظ سے کم نہ ہو: (20)

(i) یومِ آزادی (ii) موسمِ بہار

(iii) میری پسندیدہ کتاب (iv) سیلاب کی تباہ کاریاں